# کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد

فون نمبر: 022-9200105
فیکس نمبر: 022-9200102

مورخہ 11، اپریل، 2025

## نیلام عام
## قاسم مارکیٹ/بس اڈا قاسم چوک حیدرآباد کینٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد ایک عدد بس اڈا/مارکیٹ واقع قاسم چوک حیدرآباد کینٹ جس کا ایریا تقریباً 10.636 ایکڑ (3078.24) مربع گز بمعہ مکمل انفراسٹرکچر کے حقوق کرایہ داری برائے کاروبار برائے عرصہ تین سال (01-05-2025 تا 30-04-2028) کا نیلام عام مورخہ 28-04-2025 بوقت 02:00 بجے دن دفتر ہذا میں ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر منعقد کرنے کا خواہاں ہے اگر مذکورہ نیلام عام کسی وجہ سے مقررہ تاریخ پر نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 29-04-2025 بوقت 02:00 بجے، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 30-04-2025 بوقت 02:00 بجے منعقد ہوگا۔

## نیلامی کی شرائط وضوابط

1- نیلامی کا آغاز سرکاری بولی سے کیا جائے گا جسکا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

2- بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات مبلغ-/Rs.50,00,000 (پچاس لاکھ روپے) بطور زرضمانت بصورت بینک ڈرافٹ (قابل واپسی) بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر حیدرآباد بمعہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور NTN سرٹیفکیٹ جمع کراکر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے جو کہ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے تمام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کردیا جائے گا۔

3- کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ (06 Months) کا ایڈوانس کرایہ بطور ضمانت بولی منظور ہونے کے سات یوم کے اندر اندر جمع کرانا ہوگا۔ ایڈوانس رقم ٹھیکہ کے اختتام پر ایڈجسٹ کی جائے گی۔ اور ایڈوانس کرایہ جمع نہ کرانے کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

4- کامیاب بولی دہندہ مذکورہ بالا سیکیورٹی کا 1/4 حصہ بولی کے اختتام پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

5- بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

6- کرایہ میں ہر سال 10% اضافہ کیا جائیگا۔

7- کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم بذریعہ 36 پوسٹ ڈیٹیڈ چیکس جمع کرائے گا جو ہر ماہ کی 05 تاریخ تک ہر صورت میں کیش کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں مہینے کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

8- کامیاب بولی دہندہ کلاس ڈی اڈہ چلانے کی مطلوبہ شرائط پوری کرتا ہو اور اس سلسلے میں ضروری اجازت نامہ/NOC متعلقہ اداروں سے خود حاصل کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ ورنہ اڈے پر گاڑیاں چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

9- کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی شکل میں کینٹونمنٹ بورڈ کا نادہندہ ہوگا بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔

10- ٹھیکیدار پانی، بجلی بشمول اسٹریٹ لائٹس اور گیس کا بل خود ادا کرے گا اور ضروری مرمت اور دیکھ بھال بھی خود کرے گا۔

11- کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد (15) پندرہ یوم کے اندر تحریری معاہدہ مقرر کردہ اسٹیمپ پیپر پر کرنے کا پابند ہوگا۔

12- بولی دہندہ کو کینٹونمنٹ بورڈ کے دیگر انتظامی امور میں کسی بھی قسم کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوگی۔

13- بولی دہندہ ایریا کی تمام صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

14- کامیاب بولی دہندہ سیکیورٹی کے لئے 4 عدد سیکورٹی گارڈز، واک تھرو گیٹس، سیکورٹی کیمرا (CCTV) بمعہ ایک مہینے کی ریکارڈنگ محفوظ رکھنے کا پابند ہوگا اور اسکے تمام تر اخراجات خود برداشت کریگا۔

15- کامیاب بولی دہندہ مسافروں کیلئے واٹر کولر بمعہ صاف پانی مہیا کرنے کے انتظامات خود کریگا۔

16- کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق 10% فیصد انکم ٹیکس فائلر اور 20% فیصد نان فائلر ہر ماہ کرائے کے ساتھ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

17- کینٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر حقوق کرایہ داری منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے اس کے علاوہ بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم/سیکورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد ضبط کرلی جائے گی۔

18- زیر دستخطی/کینٹونمنٹ بورڈ کا یہ اختیار محفوظ ہے کہ وہ بغیر وجہ بیان کئے کسی بھی بولی کو قبول یا مسترد کرسکتا ہے۔

19- نیلامی کا نوٹس و شرائط وضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

20- کوئی بھی ایسا شخص یا اس کا بزنس پارٹنر کمپنی/ادارہ جو کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد کے خلاف مقدمہ بازی میں ملوث ہو وہ بولی میں شریک نہیں ہوسکے گا۔

21- کسی تنازع کی صورت میں معاملہ برائے ثالثی ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کینٹونمنٹس کراچی ریجن کو بھجوایا جائے گا جسکا فیصلہ حتمی ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کسی بھی عدالت میں چیلنج کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

22- مزید شرائط و معلومات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں معلوم کی جاسکتی ہیں۔

(دستخط)
کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
حیدرآباد چھاؤنی

CamScanner